وہ وقت جلد آنے والا ہے جب ایم کیو ایم، پاکستان کی سب سے بڑی، مضبوط، منظّم اور غریب متوسط طبقے، مزدوروں، ہاریوں، کسانوں، طلبہ وطالبات کی واحد نمائندہ جماعت بن کر ابھرے گی۔ الطاف حسین

ایم کیوایم کے انقلابی نظریات کوملک کے گوشے گوشے میں پھیلنے سے روکنے کیلئے جوالزامات لگائے گئے تھے وہ سب غلط ثابت ہوئے

آج ملک میں کوئی جگہ ایسی باقی نہیں بچی کہ جہاں ایم کیوایم کا فکروفلسفہ نہ پھیلا ہو اور وہاں ایم کیوایم کے کارکنان موجود نہ ہوں

ایم کیوایم یو کے کے زیراہتمام لندن میں افطار پارٹی سے خطاب

لندن۔۔۔19 ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ، انشاءاللہ وہ وقت جلد آنے والا ہے جب دنیا دیکھے گی کہ متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی سب سے بڑی، مضبوط، منظّم اور غریب متوسط طبقے، مزدوروں، ہاریوں، کسانوں، طلبہ وطالبات کے طبقے کی واحد نمائندہ جماعت بن کر ابھرے گی۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روزلندن میں ایم کیوایمUK کے زیراہتمام کے منعقدہ افطار پارٹی سے فون پرخطاب کرتے ہوئے کہی۔ افطار پارٹی میں یو کے یونٹ کے کارکنوں اورشعبہ خواتین کی ذمہ داروں نے شرکت کی۔ افطار پارٹی سے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد، ایم کیوایم پنجاب کی رہنمامحترمہ طاہرہ آصف اورایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے بھی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں فرمان ہے کہ بیشک حق آنے کیلئے ہے اور باطل مٹنے کیلئے ہے، سب نے دیکھا کہ ایم کیوایم کے انقلابی نظریات کوملک کے گوشے گوشے میں پھیلنے سے روکنے کیلئے جوالزامات لگائے گئے تھے وہ سب غلط ثابت ہوئے، ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں پرظلم وبربریت ڈھائی گئی، ہزاروں ساتھی بیدردی سے شہید کردیئے گئے، جیلوں میں اسیر کردیئے گئے، گھروں سے بے دخل اورجلاوطن ہونے پرمجبور کردیئے گئے مگرنظریہ سچا تھا، ساتھی ثابت قدم رہے اورتمام ترمشکلات کے باوجود جدوجہد کرتے رہے، آج تحریک کے شہیدوں، اسیروں، جلاوطن ساتھیوں اورتحریک کے تمام ثابت قدم کارکنوں کی قربانیاں رنگ لارہی ہیں اورایم کیوایم کا نظریہ صرف کراچی حیدرآباد اورسندھ کے شہروں اور اندرون سندھ تک محدودنہیں بلکہ یہ نظریہ بلوچستان کے ریگزاروں میں، سرحدی وادیوں میں، پنجاب کے لہلاتے کھیتوں اور کھلیانوں، قبائلی وشمالی علاقہ جات، ہزاروال اورگلگت بلتستان سمیت ملک کے چپہ چپہ میں پھیل چکا ہے اورآج ملک میں کوئی جگہ ایسی باقی نہیں بچی ہے کہ جہاں ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ نہ پھیلا ہواوروہاں ایم کیوایم کے کارکنان موجود نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ وہ وقت جلد آنے والا ہے جب دنیا دیکھے گی کہ متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی سب سے بڑی، مضبوط، منظّم اورغریب متوسط طبقے، مزدوروں، ہاریوں، کسانوں، طلبہ وطالبات کے طبقے کی واحد نمائندہ جماعت بن کر ابھرے گی۔ جناب الطاف حسین نے یوکے یونٹ کے تمام کارکنوں کوجمعۃ الوداع اورعید کی پیشگی مبارکباد پیش کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپکواورآپ کے گھروالوں پراپنی رحمت اورفضل وکرم فرما، سب کی مشکلات کوختم فرما، ماہ رمضان المبارک میں کی جانے والی سب عبادتوں کوقبول فرما، اللہ تعالیٰ آج جمعۃ الوداع کے موقع پر ہمارے گناہوں کومعاف فرمائے، ہماری غلطیوں کودرگزرفرمائے، ہمیں سیدھے راہ پر چلنے کی توفیق عطافرمائے اورہم سب کو پاکستان کومستحکم اورخوشحال بنانے اور پاکستان کے عوام کی قسمت بدلنے کی توفیق عطافرمائے۔ انہوں نے ایم کیوایم یوکے کے نئے آفس کے قیام پر یوکے کے کارکنوں کومبارکباد پیش کی اورتمام ترمصروفیات کے باوجودایم کیوایم کے فکرفلسفے اورنظریہ کو برطانیہ جگہ جگہ پھیلانے کی جدوجدکرنے پرایم کیوایم یوکے تمام ذمہ دران اورایک ایک ساتھی کوزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

حق پرستی کا فلسفہ ملک بھر کے عوام میں پھیل رہا ہے، سلیم شہزاد

پنجاب کے غریب کسان، مزدوراورمحنت کش ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں، طاہرہ آصف

لندن میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی افطار پارٹی سے خطاب

لندن۔۔۔19 ستمبر 2009ء

ایم کیوایم کے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ حق پرستی کا فلسفہ ملک بھر کے عوام میں پھیل رہا ہے۔ ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے تحت افطار پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام زندگی کی بنیادی ضروریات سے محروم ہیں، ملک میں آٹے اورشکر کا بحران ہے، بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کررکھی ہے لیکن حکومت اوراپوزیشن میں شامل جاگیرداروں اوروڈیروں کوغریب عوام کے مسائل کے حل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب عوام جاگیرداروں اوروڈیروں کوباربارآزماچکے ہیں اوراب ایم کیوایم کی جانب امیدبھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستی کا فلسفہ ملک بھر میں پھیل رہا ہے

اور انشاء اللہ آئندہ انتخابات میں پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم کو اپنی نمائندگی کا حق دیں گے۔

قبل ازیں ایم کیو ایم پنجاب کی رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ آصف نے کہا کہ پنجاب کے باشعور اور تعلیم یافتہ عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا مسیحا اور نجات دہندہ تسلیم کرتے ہیں۔ پنجاب بھر میں ایم کیو ایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈہ کے اثرات زائل ہو چکے ہیں اور پنجاب کے غریب کسان، مزدور اور محنت کش ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں اور اب غریب عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والوں کا کڑا احتساب ہوگا۔ افطار پارٹی سے ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆